اُردو ترجمہ ہے۔ اس کتاب میں شیخ عبداللہ بن محمد الغنیمان کا کتابچہ اختلافی مسائل میں ذاتی میلانات و رجحانات کا اثر اور ڈاکٹر صالح بن عبداللہ بن حمید کا مقالہ 'سلیقۂ اختلاف' بھی شامل کیا گیا ہے۔

مؤلف نے اختلافات کی حقیقت، عہدِ رسالت میں اختلافات، استنباط میں مناہج ائمہ کے اختلافات بیان کیے ہیں۔ مزید برآں وہ ایمان افروز واقعات ذکر کیے گئے ہیں جن کو پڑھ کر بخوبی اندازہ ہوسکتا ہے کہ ائمہ کرام رحمہم اللہ کے درمیان علمی اختلاف کے باوجود ایک دوسرے کے لیے کتنا احترام تھا اور پھر محبت ومودت کی یہ فضا اُن کے شاگردوں میں بھی قائم رہی۔

فقہ اور فروعی مسائل میں اختلافی مسائل کو کفر اور اسلام کا مسئلہ سمجھنے والوں اور اس بنیاد پر تکفیر وتفسیق کی روش اختیار کرنے والوں کے لیے اس میں بہترین درس موجود ہے۔ ڈاکٹر طٰہٰ جابر فیاض علوانی رقم طراز ہیں: ''مسلمانوں کا عموماً اور داعیانِ دین کا خصوصاً سب سے اہم فریضہ یہ ہے کہ اسلامی جماعتوں اور ان کے داعیوں کو متحد رکھنے کا عمل شروع کریں اور سارے باہمی اسبابِ اختلاف ختم کرڈالیں۔ اگر کہیں اختلاف ضروری ہو جب بھی اس کا دائرہ محدود رکھیں اور سلف صالحین کے آداب کا ہرطرح خیال رکھیں۔ (ص ۱۳۶)

مجموعی طور پر یہ کتاب اس اہم موضوع پر مفید اضافہ ہے، تاہم اس موضوع پر مزید تفصیل کی ضرورت محسوس ہوتی ہے۔ بعض مقامات پر پروف کی غلطیاں توجہ طلب ہیں، مثلاً واصل بن عطاء کو واصل بن عطار (ص ۱۳)، محمد بن حنیفہ کو جعفر بن محمد بن حنیفہ (ص ۷۹) لکھا گیا ہے۔ (ساجد انور)

سیرت النبیؐ قدم بہ قدم، جلداوّل و جلد دوم، عبداللہ فارانی۔ ناشر: ایم آئی ایس پبلشرز، ۵۲۳- بلاک سی، آدم جی نگر، کراچی۔ فون: ۴۹۳۱۰۴۴ـ ۴۹۴۴۴۴۸-۰۲۱۔ صفحات: ۲۹۴۔ قیمت (مجلد): ۳۵۰ روپے۔

بچوں کے لیے مجلد خوب صورت گرد پوش کے ساتھ مکی اور مدنی زندگی پر ۲ جلدوں پر مشتمل سیرت النبیؐ کی یہ کتاب مؤلف نے مستند مآخذ سے بہت ہی سہل انداز میں مرتب کی ہے۔ کتاب